NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road,
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-82
Ext. 148/150

NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: انڈسٹری اکیڈیمیا رابطوں کی بحالی ضروری ہے، شیخ فاروق

ذریعہ: روزنامہ جنگ، صفحہ۔2

تاریخ: جمعرات 9 اگست، 2018

فیصل آباد: نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے زیراہتمام اوپن ڈے کا افتتاح قائمقام صدر چیمبر آف کامرس شیخ فاروق یوسف، ریکٹر ڈاکٹر تنویر حسین و دیگر کر رہے ہیں

انڈسٹری اکیڈیمیا رابطوں کی بحالی ضروری ہے، شیخ فاروق

ٹیکسٹائل سیکٹر کی ٹھوس بنیادوں پر بحالی کیلئے این ٹی یو بھرپور کردار ادا کرسکتی ہے

فیصل آباد (کامرس رپورٹر) ٹیکسٹائل سیکٹر کی ٹھوس بنیادوں پر بحالی کیلئے نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی بھرپور کردار ادا کرسکتی ہے، تاہم اس مقصد کے حصول کیلئے انڈسٹری اور اکیڈیمیا کے درمیان رابطوں کو بحال کرنا ضروری ہے۔ یہ بات فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے قائم مقام صدر شیخ فاروق یوسف نے این ٹی یو کی فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام اوپن ڈے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جس میں اس فیکلٹی کے طلبہ و طالبات نے اپنے پراجیکٹس کی بھی نمائش کی۔ فاروق یوسف نے کہا کہ نئے عالمی رجحانات کی وجہ سے پرانی ٹیکنالوجی کی بنیاد پر صنعتوں کو منافع بخش بنانا ممکن نہیں رہا اس لئے ہمیں ٹیکسٹائل کے شعبے میں نئی اور جدید ٹیکنالوجی کو رواج دینا ہوگا تاکہ ہماری برآمدات بھی عالمی منڈیوں میں دوسرے ترقی یافتہ ملکوں کی مصنوعات کا مقابلہ کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ این ٹی یو موجودہ ٹیکسٹائل یونٹوں کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے سلسلہ میں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہے۔ لیکن بدقسمتی سے یونیورسٹی انتظامیہ اور فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی بھرپور کوششوں کے باوجود ان کے درمیان اعتماد کی فضا قائم نہیں ہوسکی۔

Please, get connected to **NTU Library** for **CURRENT AWARENESS SERVICES.**